☆ مریض کی عیادت کرنے والا جنت کے راستوں پر چلتا ہے۔ (رسولؐ خدا)

☆ جو شخص کسی مریض کی عیادت کو جائے تو مریض کے پاس بیٹھنے تک رحمت خدا میں ڈوبتا جاتا ہے۔ اور جب اس کے پاس سے اٹھتا ہے تو رحمتِ خدا اس کو ڈھانپ لیتی ہے۔ (رسولؐ خدا)

☆ کوئی شخص جو مریض کی عیادت کو جاتا ہے تو ۷۰ ہزار فرشتے اس پر درود بھیجتے ہیں۔ (رسولؐ خدا)




پینسل سے نشان زد کیجئے۔۔ (مریض کی عیادت کیلئے۔۔)

| پہلا مہینہ | دوسرا مہینہ | تیسرا مہینہ | چوتھا مہینہ |
|---|---|---|---|

اگر کوئی مریض نہ ملے تو تمام مریضوں کی شفایابی کی نیت سے ہر ہفتہ کم از کم سات بار سورۂ الحمد پڑھ کر نشان زد کیجئے۔۔

پینسل سے نشان زد کیجئے۔۔

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | ماہ و سال : ___ ___ ___ | ماہ و سال : ___ ___ ___ | ماہ و سال : ___ ___ ___ |
|---|---|---|---|
| پہلا ہفتہ، دوسرا ہفتہ | پہلا ہفتہ، دوسرا ہفتہ | پہلا ہفتہ، دوسرا ہفتہ | پہلا ہفتہ، دوسرا ہفتہ |
| تیسرا ہفتہ، چوتھا ہفتہ | تیسرا ہفتہ، چوتھا ہفتہ | تیسرا ہفتہ، چوتھا ہفتہ | تیسرا ہفتہ، چوتھا ہفتہ |





Presented by www.ziaraat.com

## ۱۰۔ روزانہ ہر نماز کی کم از کم ایک رکعت خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کرنا

روزانہ کی نمازوں میں ابتدائی طور پر کم از کم ایک رکعت مکمل توجہ اور خشوع وخضوع کے ساتھ پڑھی جائے۔ بار بار کی مشق کے بعد انشااللہ دیگر رکعات میں بھی مکمل خشوع وخضوع حاصل ہو جائے گا۔ نماز کے وقت مصلّے پر جا کر نماز شروع کرنے سے پہلے نماز میں مکمل توجہ رکھنے کا ارادہ کیا جائے۔ نماز کی قرأت کو توجہ سے ادا کرے۔ قرأت کے معنوں میں غور کرے۔ اور سمجھے کہ خدا کے دربار میں کھڑا ہے۔

☆ خدا کی قسم بعض اوقات انسان ۵۰ برس کا ہو جاتا ہے جب کے خدا نے اس کی ایک نماز بھی قبول نہیں کی ہوتی اور اس سے بڑھ کر افسوس اور کون سی بات ہوگی۔

☆ خدا اس عمل کو کیسے قبول کر سکتا ہے جس کو کرنے والا بھی اسے حقیر سمجھتا ہو۔ (امام جعفر صادقؑ)

☆ امام صادقؑ نے فرمایا کہ خدا نے قرآن میں بہترین عمل کا مطالبہ کیا ہے زیادہ عمل کا مطالبہ نہیں کیا۔

☆ جب بھی نماز پڑھو پورے حضورِ قلب کے ساتھ نماز پڑھو کیوں کہ خداوندِ عالم نے فرمایا ہے کہ بے شک اُن ایمان والوں نے نجات پائی جو اپنی نمازوں میں خشوع کرتے ہیں۔

☆ جب نماز اپنے وقت پر خدا کی طرف سفر کرتی ہے تو پھر اپنے پڑھنے والے کے پاس خوبصورت شکل میں آ کر کہتی ہے کہ تو نے میری حفاظت کی اللہ تیری حفاظت کرے اور اگر (نمازی) بے وقت اور شرائط وحدود کا خیال نہ رکھے تو وہ نماز خدا کی طرف سفر کرتی ہے اور پھر سیاہ ڈراؤنی شکل لے کر نمازی کے پاس آ کر کہتی ہے کہ تو نے مجھے ضائع کیا اللہ تجھے ضائع کرے۔

☆ اگر نمازی آدابِ نماز سے غفلت برتے تو وہ نماز لپیٹ کر اس کے منہ پر ماردی جائے گی۔ (امام محمد باقرؑ)

☆ جو شخص دو رکعت نماز پڑھے اور دوران نماز دنیا کی کسی چیز کو یاد نہ کرے تو اللہ اس کے گناہوں کو معاف فرمادے گا۔

(رسولؐ خدا)

پینسل سے نشان زد کیجئے۔

| 31 | | | | ماه و سال : __ __ __ __ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

| 31 | | | | ماه و سال : __ __ __ __ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

| 31 | | | | ماه و سال : __ __ __ __ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

| 31 | | | | ماه و سال : __ __ __ __ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |



Presented by www.ziaraat.com

## ۱۱۔ نمازِ عشاء کے بعد وسعتِ رزق کیلئے مجرّب ایک تعقیب پڑھنا

نمازِ عشاء کی یہ تعقیب وسعت رزق کے خزانوں میں سے ہے۔اس کو پابندی کے ساتھ پڑھنے والوں کے رزق میں بہت جلد وسعت پیدا ہوتی ہے۔۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّہٗ لَیسَ لِیْ عِلْمٌ بِمَوْضِعِ رِزْقِیْ وَاِنَّمَا اَطْلُبُہٗ بِخَطَرَاتٍ تَخْطُرُ عَلٰی قَلْبِیْ فَاَجُوْلُ فِیْ طَلَبِہِ الْبُلْدَانَ فَاَنَا فِیْمَآ اَنَا طَالِبٌ کَا لْحَیْرَانِ لَآ اَدْرِیْ اَفِیْ سَھْلٍ ھُوَ اَمْ فِیْ جَبَلٍ اَمْ فِیْ اَرْضٍ اَمْ فِیْ سَمَآءٍ اَمْ فِیْ بَرٍّ اَمْ فِیْ بَحْرٍ وَّعَلٰی یَدَیْ مَنْ وَمِنْ قِبَلِ مَنْ وَقَدْ عَلِمْتُ اَنَّ عِلْمَہٗ عِنْدَکَ وَاَسْبَابَہٗ بِیَدِکَ وَاَنْتَ الَّذِیْ تَقْسِمُہٗ بِلُطْفِکَ وَتُسَبِّبُہٗ بِرَحْمَتِکَ اَللّٰھُمَّ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاجْعَلْ یَارَبِّ رِزْقَکَ لِیْ وَاسِعًا وَّ مَطْلَبَہٗ سَھْلًا وَّ مَاْ خَذَہٗ قَرِیْبًا وَّلَا تُعَنِّنِیْ بِطَلَبِ مَالَمْ تُقَدِّرْلِیْ فِیْہِ رِزْقًا فَاِنَّکَ غَنِیٌّ عَنْ عَذَابِیْ وَاَنَا فَقِیْرٌ اِلٰی رَحْمَتِکَ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَجُدْ عَلٰی عَبْدِکَ بِفَضْلِکَ اِنَّکَ ذُوْ فَضْلٍ عَظِیْمٍ.

خداوند۔! مجھے اپنی روزی کے مقام کا علم نہیں اور میں اسے اپنے خیال کے تحت ڈھونڈتا ہوں، پس میں طلبِ رزق میں شہر و دیار کے چکر کاٹتا ہوں اور اس کی طلب میں سرگرداں ہوں، اور میں نہیں جانتا کہ آیا میرا رزق ہوا میں ہے یا پہاڑ میں، زمین میں ہے یا آسمان میں، بیابان میں ہے یا سمندر میں، کس کے ہاتھ اور کس کی طرف سے ہے اور میں جانتا ہوں کے اس کا علم تیرے پاس ہے اس کے اسباب تیرے قبضے میں ہیں اور تو اپنے کرم سے رزق تقسیم کرتا ہے۔اپنی رحمت سے اس کے اسباب فراہم کرتا ہے۔خدایا محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور اے پروردگار۔! اپنا رزق میرے لئے وسیع کردے، اس کا طلب کرنا آسان بنادے اور اس کے ملنے کی جگہ قریب کردے جس چیز میں تو نے میرا رزق نہیں رکھا مجھے اس کی طلب کے رنج میں نہ ڈال کہ تو مجھے عذاب دینے میں بے نیاز اور میں تیری رحمت کا محتاج ہوں پس تو محمدؐ اور ان کی آلؑ پر رحمت نازل فرما اور اس ناچیز بندے کو اپنے فضل سے حصّہ عطا فرما کہ تو بڑا افضل کرنے والا ہے۔۔

پینسل سے نشان زد کیجئے۔

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| 10 | 9 | 8 | 7 | 6 |
| 15 | 14 | 13 | 12 | 11 |
| 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |
| 25 | 24 | 23 | 22 | 21 |
| 30 | 29 | 28 | 27 | 26 |

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| 10 | 9 | 8 | 7 | 6 |
| 15 | 14 | 13 | 12 | 11 |
| 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |
| 25 | 24 | 23 | 22 | 21 |
| 30 | 29 | 28 | 27 | 26 |

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| 10 | 9 | 8 | 7 | 6 |
| 15 | 14 | 13 | 12 | 11 |
| 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |
| 25 | 24 | 23 | 22 | 21 |
| 30 | 29 | 28 | 27 | 26 |

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| 10 | 9 | 8 | 7 | 6 |
| 15 | 14 | 13 | 12 | 11 |
| 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |
| 25 | 24 | 23 | 22 | 21 |
| 30 | 29 | 28 | 27 | 26 |



Presented by www.ziaraat.com

## ۱۲۔ مہینہ میں ایک بار کسی مسجد یا امام بارگاہ کی تعمیر یا طالب علم کی کفالت یا کسی دینی کتاب کی نشر و اشاعت میں حصّہ لینا

☆ جو شخص یہ پسند کرتا ہے کہ خدا کے اُن بندوں کو دیکھے جنہیں جہنم سے آزاد کیا گیا ہے تو اسے چاہیئے کے وہ طالب علموں کو دیکھے۔ (رسولؐ اللہ)

☆ انسان جو بھی صدقہ دیتا ہے اس میں علم کو پھیلانے سے افضل کوئی صدقہ نہیں۔ (رسولؐ اللہ)

☆ زمین میں میرا گھر مسجد ہے۔ (پروردگارِ عالم)

☆ کتنا خوش نصیب ہے وہ شخص جو گھر سے باوضو ہوکر آئے اور پھر میرے گھر (مسجد) میں میری زیارت کرے۔ (حدیثِ قدسی)

☆ جو کوئی دو حدیثیں سیکھ لے (ان پرعمل کرے) اور اپنے لئے فائدہ حاصل کرے یا دوسروں کو سکھا کر انہیں فائدہ پہنچائے تو یہ اس کے لئے ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے۔ (رسولؐ اللہ)

☆ رسولؐ خدا نے فرمایا کہ جو کوئی مسلمان ایک ایسی حدیث میری امت تک پہنچا دے جس سے ایک اسلامی سنت زندہ ہو جائے تو اس کے لئے جنت ہے۔ (رسولؐ اللہ)

☆ رسولؐ خدا نے فرمایا کہ تمام صدقات وخیرات سے بیش بہا اور بہترین صدقہ یہ ہے کہ پہلے انسان خود علم حاصل کرے پھر اپنے برادر دینی کو اس کی تعلیم دے۔ (رسولؐ اللہ)

☆ مفضل ابن عمر کہتے ہیں کہ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے مجھ سے فرمایا کہ کتابیں لکھو اور اپنے علم کو دینی بھائیوں کے درمیان نشر و اشاعت کے ذریعے پھیلاؤ۔ اگر تم اس دنیا سے چل بسے تو ان کتابوں کو اپنی اولاد کے لئے ورثے میں چھوڑ دو چونکہ عنقریب لوگوں کے سامنے ایسا پر آشوب زمانہ آئے گا جس میں اپنی محفوظ کتابوں کے سوا انس لینے یا تبادلۂ نظر کا لطف اٹھانے کے لئے اور کوئی چیز میسر نہیں آئے گی۔ (امامؑ جعفرِ صادق علیہ السلام)

☆ اگر کوئی مومن مر جائے اور ایک ورق بھی ایسا چھوڑ جائے جس پر علم کی کوئی بات لکھی ہو تو یہ ورق قیامت کے روز اس مومن اور آگ کے درمیان پردہ (حائل) ہو جائے گا۔ اور اس کے ہر حرف کے بدلے جو اس ورق پر تحریر ہے خدائے بزرگ و برتر اسے ایک شہر عطا فرمائے گا جو دنیا سے سات گُنا بڑا ہوگا۔ (رسولؐ اللہ)



Presented by www.ziaraat.com

☆ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ: ''کوئی مسلمان اپنے بھائی کو حکمت و دانائی کی بات سے بہتر کوئی تحفہ پیش نہیں کر سکتا''۔ (رسول اللہؐ)

☆ یہ بھی ایک قسم کا صدقہ ہے (یعنی اس سے بھی بلائیں دور ہوتی ہیں) کہ انسان علم حاصل کرے اور دوسروں کو تعلیم کرے۔ (رسول اللہؐ)

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جبرائیلؑ نے مجھ سے کہا ............ **صدقہ پانچ (۵) قسم کا ھے۔**


**صدقہ 10** نیکیوں کے برابر ہے اگر تندرست اور صحیح اعضاء و جوارح والے کو دیا جائے

**صدقہ 70** نیکیوں کے برابر ہے اگر مریض کو دیا جائے

**صدقہ 700** نیکیوں کے برابر ہے اگر ماں باپ کو دیا جائے

**صدقہ 7,000** نیکیوں کے برابر ہے اگر مردوں کے ایصالِ ثواب کے لئے دیا جائے


**صدقہ 100,000** نیکیوں کے برابر ہے اگر طالب علم کو دیا جائے۔۔
ایک لاکھ




تعمیرِ مسجد



دینی طالبِ علم کی کفالت یا تعمیرِ مدرسہ



دینی کُتب کی نشر و اشاعت



تعمیرِ امام بارگاہ

مہینہ میں ایک بار کسی مسجد یا امام بارگاہ کی تعمیر یا کسی طالب علم کی کفالت یا کسی دینی کتاب کی نشر و اشاعت میں حصہ لے لیا ہے۔۔

پینسل سے نشان زد کیجئے۔

پہلا مہینہ | دوسرا مہینہ | تیسرا مہینہ | چوتھا مہینہ



Presented by www.ziaraat.com

## ۱۳۔ روزانہ سونے سے پہلے ۱۴ معصومینؑ کی زیارت کے لئے آیت اللہ جواد ملکی تبریزیؒ کا لائحہ عمل اختیار کرنا

آیت اللہ جواد ملکی تبریزیؒ فرماتے ہیں کہ جب بھی بستر پر جائیں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ٥ کہیں اگر ان اذکار کو پڑھتے پڑھتے نیند آجائے تو خواب میں بہت سی حقیقتوں کا اظہار ہوسکتا ہے۔ یہ اعمال انجام دے کر میں نے آئمہ معصومینؑ کی زیارت کا شرف حاصل کیا ہے۔۔

❶ سورۂ کہف کی آیت نمبر ۱۱۰۔

قُلۡ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثۡلُکُمۡ یُوۡحٰۤی اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰـہُکُمۡ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنۡ کَانَ یَرۡجُوۡا لِقَآءَ رَبِّہٖ فَلۡیَعۡمَلۡ عَمَلًا صَالِحًا وَّ لَا یُشۡرِکۡ بِعِبَادَۃِ رَبِّہٖۤ اَحَدًا ٥ ع

ترجمہ:

آپ کہہ دیجئے کہ میں تمہارا ہی جیسا ہی ایک بشر ہوں مگر میری طرف وحی آتی ہے کہ تمہارا خدا ایک اکیلا ہے لہٰذا جو بھی اس کی ملاقات کا امیدوار ہے اسے چاہیے کہ عمل صالح کرے اور کسی کو اپنے پروردگار کی عبادت میں شریک نہ بنائے ٥

❷ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر ۲۸۵۔

اٰمَنَ الرَّسُوۡلُ بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡہِ مِنۡ رَّبِّہٖ وَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ؕ کُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَ مَلٰٓئِکَتِہٖ وَ کُتُبِہٖ وَ رُسُلِہٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَیۡنَ اَحَدٍ مِّنۡ رُّسُلِہٖ ۟ وَ قَالُوۡا سَمِعۡنَا وَ اَطَعۡنَا ٭۫ غُفۡرَانَکَ رَبَّنَا وَ اِلَیۡکَ الۡمَصِیۡرُ ٥

ترجمہ:

رسولؐ ان تمام باتوں پر ایمان رکھتا ہے جو اس پر نازل کی گئی ہیں اور مومنین بھی سب اللہ اور ملائکہ اور مرسلین پر ایمان رکھتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ ہم رسولوں کے درمیان تفریق نہیں کرتے ہم نے پیغام الٰہی کو سنا اور اس کی اطاعت کی۔ پروردگار اب تیری مغفرت درکار ہے اور تیری ہی طرف پلٹ کر آنا ہے ٥

❸ سورۂ بقرہ آیت نمبر ۲۸۶۔

لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفۡسًا اِلَّا وُسۡعَہَا ؕ لَہَا مَا کَسَبَتۡ وَ عَلَیۡہَا مَا اکۡتَسَبَتۡ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَاۤ اِنۡ نَّسِیۡنَاۤ اَوۡ اَخۡطَاۡنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تَحۡمِلۡ عَلَیۡنَاۤ اِصۡرًا کَمَا حَمَلۡتَہٗ عَلَی الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَۃَ لَنَا بِہٖ ۚ وَ اعۡفُ عَنَّا ٝ وَ اغۡفِرۡ لَنَا ٝ وَ ارۡحَمۡنَا ٝ اَنۡتَ مَوۡلٰىنَا فَانۡصُرۡنَا عَلَی الۡقَوۡمِ الۡکٰفِرِیۡنَ ٥

ترجمہ:

اللہ کسی نفس کو اس کی وسعت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔ ہر نفس کے لئے اس کی حاصل کی ہوئی نیکیوں کا فائدہ بھی ہے اور اس کی کمائی ہوئی برائیوں کا مظلمہ بھی پروردگار! ہم جو کچھ بھول جائیں یا ہم سے غلطی ہو جائے اس کا ہم سے مواخذہ نہ کرنا خدایا ہم پر ویسا بوجھ نہ ڈالنا جیسا کہ پہلے والی امتوں پر ڈالا گیا ہے۔ پروردگارا! ہم پر وہ بار نہ ڈالنا جس کی ہم میں طاقت نہ ہو۔ ہمیں معاف کر دینا، ہمیں بخش دینا، ہم پر رحم کر دینا، ہم پر رحم کر دینا تو ہمارا مولا اور مالک ہے اب کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔



Presented by www.ziaraat.com

**④ سورۃ المائدۃ آیت نمبر ا۔**

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ؕ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّى الصَّيْدِ
وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ٥

ترجمہ:
ایمان والو! اپنے عہد و پیمان اور معاملات کی پابندی کرو۔ تمہارے لئے تمام چوپائے حلال کر دیئے گئے ہیں علاوہ ان کے جو تمہیں پڑھ کر سنائیں جا رہے ہیں مگر حالتِ احرام میں شکار کو حلال مت سمجھ لینا بیشک اللہ جو چاہتا ہے حکم دیتا ہے ٥

**⑤ سورۃ آلِ عمران آیت نمبر ۱۹۔**

اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ؕ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ؕ
وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ٥

ترجمہ:
دین! اللہ کے نزدیک صرف اسلام ہے اور اہلِ کتاب نے علم آنے کے بعد ہی جھگڑا شروع کیا ہے صرف آپس کی شرارتوں کی بناء پر اور جو بھی آیاتِ الٰہی کا انکار کرے گا تو خدا بہت جلد حساب کرنے والا ہے ٥

**⑥ سورۃ ابراہیم آیت نمبر ۲۷۔**

يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ۙۗ
وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ٥

ترجمہ:
اللہ صاحبانِ ایمان کو قولِ ثابت کے ذریعے دنیا اور آخرت میں ثابت قدم رکھتا ہے اور ظالمین کو گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے اور وہ جو بھی چاہتا ہے انجام دیتا ہے ٥

⑦ تسبیح فاطمۃ الزہراؑ ⑧ آیۃ الکرسی

⑨ سورۃ اخلاص تین مرتبہ یا گیارہ مرتبہ پڑھی جائے

پینسل سے نشان زد کیجئے۔

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |



Presented by www.ziaraat.com

## ۱۴۔ روزانہ اپنے تمام مستحبات و نیک اعمال مرحوم مومنین کو ہدیہ کرنا

☆ جامع الاخبار میں منقول ہے کہ ایک صحابی نے رسولؐ خدا سے نقل کیا کہ آپ ﷺ نے فرمایا:

'' اپنے مردوں کو ہدیہ پہنچاؤ '' میں نے پوچھا کے مردوں کے لئے ہدیہ کیا ہے۔؟ آپ ﷺ نے فرمایا: صدقہ اور دعا۔ اور فرمایا کہ مومنین کی روحیں ہر جمعہ کو اپنے مکانوں کے سامنے آکر فریاد کرتی ہیں اور ہر ایک یہ فریاد کرتا ہے کہ:

اے میرے گھر والوں اے میرے بچوں

اے میرے والدین اے میرے رشتہ داروں

خدا تم پر رحمت کرے مجھ پر مہربانی کرو جو کچھ ہمارے ہاتھ میں تھا اس کا حساب و عذاب ہم پر ہے اور نفع غیروں کے لئے ہر ایک اپنے عزیزوں سے فریاد کرتا ہے۔ مجھ پر ایک درہم یا ایک روٹی یا کپڑے کے ذریعہ مہربانی کرو تا کہ خدا تمہیں بہشت کا لباس عطا کرے۔ پس رسولؐ خدا رو پڑے اور ہم بھی رونے لگے آنحضرتؐ میں زیادہ رونے کی وجہ سے طاقت نہ رہی پھر فرمایا یہ تمہارے دینی بھائی ہیں، عیش و عشرت کی زندگی کے بعد مٹی کے ڈھیر تلے دبے پڑے ہیں۔ وہ اپنے نفوس پر ہلاکت کی وجہ سے ندا کرتے ہیں اور کہتے ہیں: کاش ہم اپنی پونجی اطاعت خدا اور اس کی رضامندی میں خرچ کرتے تو آج تمہارے محتاج نہ ہوتے اور آج حسرت و پشیمانی کے ساتھ ہم فریاد کر رہے ہیں۔۔

☆ جامع الاخبار میں آنحضرت ﷺ جو صدقہ بھی میت کے لئے دیا جاتا ہے،، ایک فرشتہ ایک نورانی طبق میں جس کی روشنی ساتوں آسمانوں کو منور کرتی ہے،، لے کر اس کی قبر کے کنارے کھڑا ہو کر ندا دیتا ہے

**السّلامُ علیکم یا اھل القبور**

یہ ہدیہ تمہارے اہلِ خانہ نے تمہارے لئے بھیجا ہے۔ میت اس کو لیکر اپنی قبر میں داخل ہوتی ہے اس کے ذریعہ اس کی قبر فراخ ہو جاتی ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ: ''جو صدقہ کے ذریعہ اپنے مُردوں پر مہربانی کرتا ہے اس کے لئے اللہ تعالیٰ کے نزدیک اُحد پہاڑ کے برابر اجر ہے۔ اور روزِ قیامت وہ عرش کے سایہ میں ہوگا جبکہ اس کے علاوہ اور کوئی سایہ نہ ہوگا اور اس صدقہ کے ذریعہ زندہ اور مُردہ دونوں نجات حاصل کرتے ہیں''۔۔

مثلاً:

مندرجہ ذیل نیکیاں کرنے کے بعد اس کا ثواب مومنین کو ہدیہ کیا جا سکتا ہے۔ انہیں بھی پورا ثواب ملے گا اور آپ کا ثواب بفضلِ خدا دُگنا ہو جائے گا۔

۱۔ علمِ دین حاصل کرنے کا ثواب۔ ۲۔ تلاوتِ قرآن کا ثواب۔

۳۔ رشتہ داروں کے حقوق ادا کرنے کا ثواب۔ ۴۔ مستحب نمازوں کا ثواب۔



Presented by www.ziaraat.com

۵۔ مستحب روزوں کا ثواب۔

۶۔ مستحب حج وعمرہ کا ثواب۔

۷۔ گھر میں کام کاج کرنے کا ثواب۔

۸۔ درود پڑھنے کا ثواب۔

۹۔ تسبیح فاطمہ زہراؑ کا ثواب۔

۱۰۔ مومن کی مدد کرنے کا ثواب۔

۱۱۔ دعائیں اور زیارات پڑھنے کا ثواب۔

۱۲۔ مقدس جگہوں کی زیارت کا ثواب۔

۱۳۔ صدقہ دینے کا ثواب۔

۱۴۔ سلام کرنے کا ثواب۔

۱۵۔ مریض کی عیادت کا ثواب۔

۱۶۔ وضو کرنے کا ثواب۔

۱۷۔ قنوت پڑھنے کا ثواب۔

۱۸۔ مومن کو پانی پلانے کا ثواب۔

۱۹۔ مومن سے مصافحہ کرنے کا ثواب۔

۲۰۔ مومن کا منہ میٹھا کرانے کا ثواب۔

۲۱۔ لوگوں سے خوش اخلاقی سے ملنے کا ثواب۔

۲۲۔ مسلسل توبہ کرنے کا ثواب۔

۲۳۔ مومنین سے ملاقات کرنے کا ثواب۔

۲۴۔ جنازے میں شرکت کرنے کا ثواب۔

۲۵۔ مجالسِ عزا میں غمِ حسینؑ میں رونے کا ثواب۔

۲۶۔ شکرِ خدا ادا کرنے کا ثواب۔

۲۷۔ بیماری پر صبر کرنے کا ثواب۔

۲۸۔ مریض کی عیادت کا ثواب۔

۲۹۔ مریض کی تیمارداری کا ثواب۔

۳۱۔ خدا کا شکر ادا کرنے کا ثواب۔

۳۰۔ دعا کرنے کا ثواب۔

۳۳۔ عالم کے چہرے کی طرف نگاہ کرنے کا ثواب۔

۳۲۔ استغفار کرنے کا ثواب۔

۳۵۔ لوگوں کو امر بالمعروف کرنے کا ثواب۔

۳۴۔ امانت کو واپس ادا کرنے کا ثواب۔

۳۷۔ وضو کے بعد اعضائے وضو خشک نہ کرنے کا ثواب۔

۳۶۔ کسی گناہ سے روکنے کا ثواب۔

۳۹۔ بیماری پر صبر و شکر کرنے کا ثواب۔

۴۰۔ غصہ ضبط کرنے کا ثواب۔

۴۳۔ تواضع وانکساری سے پیش آنے کا ثواب۔

۴۲۔ سچ بولنے کا ثواب۔

۴۵۔ قرضہ معاف کرنے کا ثواب۔

پینسل سے نشان زد کیجئے۔

ماہ و سال : ____ 31

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

ماہ و سال : ____ 31

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

ماہ و سال : ____ 31

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

ماہ و سال : ____ 31

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |



Presented by www.ziaraat.com

## ۱۵۔ تمام مومنین ومومنات کی حفاظت کیلئے ہر ماہ دعائے جوشنِ صغیر پڑھنا

تمام دنیا خصوصاً پاکستان ، ایران ، عراق ، لبنان ، فلسطین اور جہاں جہاں شیعانِ حیدرِ کرار علیہ السلام موجود ہیں اور تمام مسلمانوں کی حفاظت کیلئے دعائے جوشنِ صغیر پڑھی جائے۔۔

(**نوٹ** : دعائے جوشنِ صغیر دعاؤں کی معروف کتابوں جیسے مفاتیح الجنان ، وظائف الابرار وغیرہ میں موجود ہے)




پینسل سے نشان زد کیجئے۔

| پہلا مہینہ | دوسرا مہینہ | تیسرا مہینہ | چوتھا مہینہ |
|---|---|---|---|
| | | | |



Presented by www.ziaraat.com

# ۱۶۔ روزانہ والدین کے ساتھ نیکی کرنا اور انہیں خوش کرنا

روزانہ والدین کے چہرے پر محبت بھری نگاہ ڈالی جائے، ان کی خدمت کی جائے، ان کے دل کو خوش کیا جائے۔ اگر وہ قریب نہ ہوں یا کسی اور جگہ پر ہوں یا انتقال کر چکے ہوں تو روزانہ ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور دن بھر کے نیک اعمال ان کو ہدیہ کریں۔

...... واضح رہے کہ تلاوتِ سورہ کر کے اس کا ثواب شرعاً کسی زندہ شخص کو بھی ہدیہ کیا جا سکتا ہے۔

☆ اپنے والدین کے حقوق ادا کرنے میں کسی قسم کی کوتاہی نہ کرو اور نہ ہی بہانے بناؤ......ان کی مغفرت اور ان کے لئے رحمت وعنایتِ الٰہی کے حصول کی دعا کرو۔ (امام محمد باقرؑ)

☆ تمہاری سب سے بڑی خدمت یہ ہے کہ اپنے والدین کے لئے ہر وقت دعا کرو۔ (امام زین العابدینؑ)

☆ جو اپنے والدین کے لئے دعا کرتا ہے خداوندِ عالم اس کی حاجات پوری فرما دیتا ہے۔ (امام زین العابدینؑ)

☆ رسولؐ خدا اس دعا کو والدین کے لئے پڑھنے کی تاکید فرماتے تھے۔

**رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيراً**

میرے پروردگار! ان پر رحم فرما جس طرح کہ انہوں نے میری پرورش کی جبکہ میں چھوٹا تھا (القرآن)

جو والدین کے انتقال کے بعد ان کے لئے کارِ خیر نہ کرے اور بھول جائے وہ اگر ان کی زندگی میں فرمانبردار تھا تب بھی اب ان کے مرنے کے بعد اسے نافرمانوں کی فہرست میں لکھ دیا جاتا ہے۔ خدا سب کو اس نافرمانی سے محفوظ فرمائے۔ (آمین)



پینسل سے نشان زد کیجئے۔

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| 10 | 9 | 8 | 7 | 6 |
| 15 | 14 | 13 | 12 | 11 |
| 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |
| 25 | 24 | 23 | 22 | 21 |
| 30 | 29 | 28 | 27 | 26 |

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| 10 | 9 | 8 | 7 | 6 |
| 15 | 14 | 13 | 12 | 11 |
| 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |
| 25 | 24 | 23 | 22 | 21 |
| 30 | 29 | 28 | 27 | 26 |

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| 10 | 9 | 8 | 7 | 6 |
| 15 | 14 | 13 | 12 | 11 |
| 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |
| 25 | 24 | 23 | 22 | 21 |
| 30 | 29 | 28 | 27 | 26 |

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| 10 | 9 | 8 | 7 | 6 |
| 15 | 14 | 13 | 12 | 11 |
| 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |
| 25 | 24 | 23 | 22 | 21 |
| 30 | 29 | 28 | 27 | 26 |



Presented by www.ziaraat.com

## ۱۷۔ ہر ماہ غور و فکر کرنا کہ کہیں مجھ پر خمس واجب تو نہیں ہو گیا

اگر محمدؐ و آلِ محمدؑ کا حق غصب کر رکھا ہو تو بھلا کس طرح کردار سازی ہو سکے گی اور قربِ پروردگار حاصل ہو سکے گا۔


بعض دفعہ مومنین معاذ اللہ سرکشی کے خیال سے نہیں بلکہ اپنی لاعلمی یا غفلت کی وجہ سے خمس کے مسئلے میں کوتاہی کر جاتے ہیں۔

لہٰذا ہر ماہ کم از کم ایک مرتبہ وقت نکال کر غور و فکر کیا جائے اور علماء سے اس سلسلے میں رجوع کیا جائے کہ کہیں کسی چیز یا مال پر خمس واجب الادا تو نہیں۔

مندرجہ ذیل چیزوں کا خاص طور پر خیال کیا جائے اور مستند علماء سے اِس سلسلے میں رجوع کیا جائے کہ کہیں ان پر خمس واجب الادا نہ ہو:

بغیر استعمال کی اشیاء جن کو سال پورا ہو چکا ہو، ، بینک میں جمع شدہ پیسے، ، B-C، تجارتی اسکیموں میں لگائے گئے پیسے، ،
پلاٹ، ، جیب خرچ، ، بچت، ، اپنی شان سے زیادہ زیور، ، اشیائے خورد و نوش (چینی، مصالحے وغیرہ)، ،
کاروباری اثاثے، ، تحفہ میں ملنے والی چیزیں، ، اسراف میں خرچ کی گئی رقم، ، بیمہ کی رقم ملنے پر، ،
نابالغ بچے کے مسئلے پر خمس کا مسئلہ، ، دوکان میں پڑا رہنے والا سامان، ، اگر کسی کو قرض دیا ہوا اور خمس کی تاریخ آجائے، ،
بعض حالات میں خمس کی تاریخ آنے پر چند دن پہلے ملی ہوئی تنخواہ پر خمس، ، اگر کسی غلط کو خمس دے دیا ہو، ،
کسی کو غلط مسئلہ بتا کر اس کا خمس نکلوا دیا ہو، ، بغیر استعمال پڑی رہنے والی جائے نماز، ، تسبیح یا سجدہ گاہ، ،
کفن، ، لڑکی کے لئے جہیز میں ملنے والے بغیر استعمال کے کپڑے اور سامان وغیرہ۔

مندرجہ بالا چیزوں پر خمس کے مسائل کو علماء سے اپنے مجتہد کے فتویٰ کے مطابق دریافت کر لیا جائے۔۔






پینسل سے نشان زد کیجئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلا مہینہ | دوسرا مہینہ | تیسرا مہینہ | چوتھا مہینہ |



Presented by www.ziaraat.com

## ۱۸۔ ان ۴ ماہ میں کسی مومن یا مومنہ کی شادی کے سلسلے میں رشتہ چلانے یا طرفین کو قائل کرنے یا کسی غریب مومن یا مومنہ کی شادی کے اخراجات میں مالی تعاون کرنا

☆ جو کسی کی شادی کے سلسلے میں قدم اٹھاتا ہے خدا اس کے ہر قدم پر یا ہر اس بات کے بدلے میں جو وہ کہتا ہے (یعنی رشتے کے لئے سفارش کے طور پر) اسے ایک سال کے روزوں اور (ایک سال) کی نماز شب کا ثواب عطا کرتا ہے۔۔
(رسولؐ اللہ)

☆ جو کسی غیر شادی شدہ کی شادی کراتا ہے خداوندِ عالم اس پر روزِ قیامت رحم کرے گا۔۔ (امام جعفر صادقؑ)

☆ بہترین سفارش و شفاعت یہ کہ لڑکے لڑکی کی شادی کے لئے واسطہ بن کر سفارش کرے یہاں تک کہ ان کی شادی کرادے۔۔
(امام جعفر صادقؑ)

☆ جو غیر شادی شدہ کی شادی کراتا ہے وہ قیامت کے دن عرشِ خدا کے سائے میں ہوگا اور اسے کوئی خوف نہ ہوگا۔۔

اس طرح کی کوشش سے حکم خدا پر عمل ہو جائے گا :


انکحو الایامیٰ منکم............... (سورۂ نور آیت نمبر ۳۲)

غیر شادی شدہ کی شادی کرو

تو اتنے عظیم ثواب شادی کروانے کے سلسلے میں قدم اٹھانے والے کو عطا کیئے جاتے ہیں۔ خواہ وہ شادی ہو یا نہ ہو۔ خدا سے ہونے والی تجارت میں کبھی نقصان نہیں ہوتا اس میں فقط فائدہ ہی فائدہ ہے۔۔

امیر المومنینؑ فرماتے ہیں کہ: ''اصحاب رسولؐ میں سے جو بھی شادی کرتا تھا اس کے بارے میں پیغمبرؐ فرماتے تھے کہ :

''اس کا دین کامل ہوگیا''۔۔

پینسل سے نشان زد کیجئے۔

☐ میں نے ان ۴ ماہ میں کسی مومن یا مومنہ کی شادی کے سلسلے میں رشتہ چلانے یا طرفین کو قائل کرنے یا کسی غریب مومن یا مومنہ کی شادی کے اخراجات میں مالی تعاون کر دیا ہے۔۔



Presented by www.ziaraat.com

# ۱۹۔ وضو کو مستحب دعاؤں کے ساتھ انجام دینا

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ایک دن امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام محمد ابن حنفیہؓ کے ساتھ تشریف فرما تھے۔آپؑ نے فرمایا: محمد میرے لئے پانی کا برتن لاؤ تا کہ میں نماز کیلئے وضو کروں۔جب آپ نے وضو کرلیا تو ............... (آپؑ نے مندرجہ ذیل تمام دعائیں وضو کے دوران پڑھیں)۔ وضو مکمل کرنے کے بعد آپؑ نے اپنا چہرہ مبارک محمد ابن حنفیہؓ کی طرف کیا اور فرمایا:

اے محمد۔! جو میری طرح وضو کرے اور یہ دعائیں پڑھے تو اللہ استعمال ہونے والے پانی کے ہر قطرے کی تعداد میں فرشتے پیدا کرے گا جو قیامت تک اللہ کی تسبیح وتقدیس اور کبریائی بیان کرتے رہیں گے اور خدا اُن کے اِس عمل کا ثواب وضو کرنے والے کو عطا کرے گا۔۔

## وضو کی مستحب دعائیں

1 جب نظر پانی پر پڑے تو یہ دعا پڑھیئے :

بِسۡمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡ جَعَلَ الۡمَآءَ طَهُوۡرًا وَّ لَمۡ يَجۡعَلۡهُ نَجِسًا.

خدا کے نام سے اور اُس کی مدد سے اور تمام حمد وثناء اُس کے لئے مخصوص ہے کہ جس نے پانی کو پاک قرار دیا اور اسے نجس نہیں بنایا۔

2 جب وضو سے پہلے اپنے ہاتھ دھوئیے تو یہ پڑھیئے :

اَللّٰهُمَّ اجۡعَلۡنِیۡ مِنَ التَّوَّابِیۡنَ وَاجۡعَلۡنِیۡ مِنَ الۡمُتَطَهِّرِیۡنَ.

اے خدا۔! مجھے توبہ کرنے والوں، پاکیزہ رہنے والوں میں قرار دے۔۔

3 کلی کرتے وقت یہ دعا پڑھیئے :

اَللّٰهُمَّ لَقِّنِّیۡ حُجَّتِیۡ يَوۡمَ اَلۡقَاکَ وَاَطۡلِقۡ لِسَانِیۡ بِذِکۡرِکَ.

خدایا جس دن میں تجھ سے ملاقات کروں اس دن تو ہی مجھے میرے دلائل کی تلقین کرنا اور میری زبان کو اپنے ذکر کیلئے آزاد فرما۔۔

4 ناک میں پانی ڈالتے وقت یہ دعا پڑھیئے :

اَللّٰهُمَّ لَا تُحَرِّمۡ عَلَیَّ رِيۡحَ الۡجَنَّةِ وَاجۡعَلۡنِیۡ مِمَّنۡ يَّشُمُّ رِيۡحَهَا وَرَوۡحَهَا وَطِيۡبَهَا.

خدایا جنت کی خوشبو کو مجھ پر حرام نہ کرنا اور مجھے ان لوگوں میں قرار دینا جو جنت کی خوشبو اور اس کی نرمی ولطافت سے بہرہ مند ہوتے ہیں۔۔



Presented by www.ziaraat.com

5 چہرہ دھوتے وقت یہ دعا پڑھیئے :

اَللّٰهُمَّ بَيِّضْ وَجْهِيْ يَوْمَ تَسْوَدُّ الْوُجُوْهُ وَلَا تُسَوِّدْ وَجْهِيْ يَوْمَ تَبْيَضُّ الْوُجُوْهُ .

اے اللہ ! جس دن تمام چہرے سیاہ ہوں گے میرے چہرے کو سفید کر دے ، (اس سے مراد روزِ جزا ہے کہ جب تمام گناہ گاروں کے چہرے سیاہ ہوں گے ) اور جس دن چہرے سفید ہوں گے اس دن میرے چہرے کو سیاہ نہ کرنا ۔

6 دایاں ہاتھ دھوتے وقت یہ دعا پڑھیئے :

اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ كِتَابِيْ بِيَمِيْنِيْ وَالْخُلْدَ فِي الْجِنَانِ بِيَسَارِيْ وَحَاسِبْنِيْ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۔

خدایا میرا نامۂ عمل میرے دائیں ہاتھ میں عطا فرمانا اور جنت کی ہمیشہ کی زندگی مجھے آسانی سے عنایت فرمانا اور آسانی سے میرا حساب لینا ۔

7 بایاں ہاتھ دھوتے وقت یہ دعا پڑھیئے :

اَللّٰهُمَّ لَا تُعْطِنِيْ كِتَابِيْ بِشِمَالِيْ وَلَا مِنْ وَّرَآءِ ظَهْرِيْ وَلَا تَجْعَلْهَا مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِيْ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ مُّقَطَّعَاتِ النِّيْرَانِ .

اے اللہ ! میرے نامۂ عمل کو میرے بائیں ہاتھ میں نہ دینا اور نہ میرے پیچھے سے دینا اور اسے طوق و زنجیر کی طرح میری گردن میں نہ ڈالنا اور میں آگ کے ٹکڑوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں ۔

8 سر کا مسح کرتے وقت یہ دعا پڑھیئے :

اَللّٰهُمَّ غَشِّنِيْ بِرَحْمَتِكَ وَبَرَكَاتِكَ وَعَفْوِكَ .

خدایا ! اپنی رحمت و برکات و عفو و بخشش کا سایہ عطا فرما ۔

9 پاؤں کا مسح کرتے وقت یہ دعا پڑھیئے :

اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِيْ عَلَى الصِّرَاطِ يَوْمَ تَزِلُّ فِيْهِ الْاَقْدَامُ وَاجْعَلْ سَعْيِيْ فِيْ مَا يُرْضِيْكَ عَنِّيْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۔

اے خدا ! میرے قدموں کو پُل صراط پر اس دن ثابت کر دے کہ جب اس پر قدم لرز جائیں گے اور میری کوششوں کو اس راہ میں قرار دے جس سے تو راضی رہے ۔ اے صاحب جلال و کرم !

پینسل سے نشان زد کیجئے ۔

| ماہ و سال : ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

| ماہ و سال : ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

| ماہ و سال : ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

| ماہ و سال : ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |



Presented by www.ziaraat.com

# ۲۰۔ سورۂ منافقون کی روزانہ تلاوت کرنا

رسولِ خدا فرماتے ہیں کہ :

جو شخص بھی روزانہ سورۂ منافقون کی تلاوت کرتا ہے تو ایک دن ایسا آئے گا کہ وہ نفاق سے بَری ہو جائے گا۔۔

سورۂ منافقون اگلے صفحے پر ملاحظہ کیجئے۔۔



پینسل سے نشان زد کیجئے۔۔

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| 10 | 9 | 8 | 7 | 6 |
| 15 | 14 | 13 | 12 | 11 |
| 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |
| 25 | 24 | 23 | 22 | 21 |
| 30 | 29 | 28 | 27 | 26 |

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| 10 | 9 | 8 | 7 | 6 |
| 15 | 14 | 13 | 12 | 11 |
| 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |
| 25 | 24 | 23 | 22 | 21 |
| 30 | 29 | 28 | 27 | 26 |

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| 10 | 9 | 8 | 7 | 6 |
| 15 | 14 | 13 | 12 | 11 |
| 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |
| 25 | 24 | 23 | 22 | 21 |
| 30 | 29 | 28 | 27 | 26 |

| ماہ و سال : ___ ___ ___ | | | | 31 |
|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| 10 | 9 | 8 | 7 | 6 |
| 15 | 14 | 13 | 12 | 11 |
| 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |
| 25 | 24 | 23 | 22 | 21 |
| 30 | 29 | 28 | 27 | 26 |



Presented by www.ziaraat.com

## سورة المنافقون

بسم الله الرحمن الرحيم

إذا جاءك المنافقون قالوا نشهد إنك لرسول الله والله يعلم إنك لرسوله والله
يشهد إن المنافقين لكاذبون ﴿١﴾ اتخذوا أيمانهم جنة فصدوا عن سبيل الله
إنهم ساء ما كانوا يعملون ﴿٢﴾ ذلك بأنهم آمنوا ثم كفروا فطبع على قلوبهم فهم لا
يفقهون ﴿٣﴾
وإذا رأيتهم تعجبك أجسامهم وإن يقولوا تسمع لقولهم كأنهم خشب مسندة
يحسبون كل صيحة عليهم هم العدو فاحذرهم قاتلهم الله أنى يؤفكون ﴿٤﴾ وإذا
قيل لهم تعالوا يستغفر لكم رسول الله لووا رءوسهم ورأيتهم يصدون وهم
مستكبرون ﴿٥﴾ سواء عليهم أستغفرت لهم أم لم تستغفر لهم لن يغفر الله لهم إن
الله لا يهدي القوم الفاسقين ﴿٦﴾ هم الذين يقولون لا تنفقوا على من عند
رسول الله حتى ينفضوا ولله خزائن السماوات والأرض ولكن المنافقين لا
يفقهون ﴿٧﴾ يقولون لئن رجعنا إلى المدينة ليخرجن الأعز منها الأذل ولله
العزة ولرسوله وللمؤمنين ولكن المنافقين لا يعلمون ﴿٨﴾ يا أيها الذين
آمنوا لا تلهكم أموالكم ولا أولادكم عن ذكر الله ومن يفعل ذلك فأولئك
هم الخاسرون ﴿٩﴾ وأنفقوا من ما رزقناكم من قبل أن يأتي أحدكم الموت
فيقول رب لولا أخرتني إلى أجل قريب فأصدق وأكن من الصالحين ﴿١٠﴾ ولن
يؤخر الله نفسا إذا جاء أجلها والله خبير بما تعملون ﴿١١﴾



Presented by www.ziaraat.com

# ترجمۂ سورۂ منافقون

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔۔

پیغمبرؐ، منافقین آپ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں اور اللہ بھی جانتا ہے کہ آپؐ اس کے رسول ہیں لیکن اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ منافقین اپنے دعوے میں جھوٹے ہیں (۱) انہوں نے اپنی قسموں کو سپر بنالیا ہے اور لوگوں کو راہِ خدا سے روک رہے ہیں یہ ان کے بدترین اعمال ہیں جو یہ انجام دے رہے ہیں (۲) یہ اس لئے ہے کہ یہ پہلے ایمان لائے پھر کافر ہوگئے تو ان کے دلوں پر مُہر لگادی گئی تو اب کچھ نہیں سمجھ رہے ہیں (۳) اور جب آپؐ انہیں دیکھیں گے تو ان کے جسم بہت اچھے لگیں گے اور بات کریں گے تو اس طرح کہ آپؐ سننے لگیں لیکن حقیقت میں یہ ایسے ہیں جیسے دیوار سے لگائی ہوئی سوکھی لکڑیاں کہ یہ ہر چیخ کو اپنے ہی خلاف سمجھتے ہیں اور یہ واقعاً دشمن ہیں ان سے ہوشیار رہئے خدا انہیں غارت کرے یہ کہاں بہکے چلے جارہے ہیں (۴) اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ آؤ رسولؐ اللہ تمہارے حق میں استغفار کریں گے تو سر پھرا لیتے ہیں اور تم دیکھو گے کہ استکبار کی بنا پر منہ بھی موڑ لیتے ہیں (۵) ان کے لئے سب برابر ہے چاہے آپؐ استغفار کریں یا نہ کریں خدا انہیں بخشنے والا نہیں ہے کہ یقیناً اللہ بدکار قوم کی ہدایت نہیں کرتا (۶) یہی وہ لوگ ہیں کہ جو کہتے ہیں کہ رسولؐ اللہ کے ساتھیوں پر کچھ خرچ نہ کرو تاکہ یہ لوگ منتشر ہوجائیں حالانکہ زمین وآسمان کے سارے خزانے اللہ ہی کے لئے ہیں اور یہ منافقین اس بات کو نہیں سمجھ رہے ہیں (۷) یہ لوگ کہتے ہیں کہ اگر ہم مدینہ واپس آگئے تو ہم صاحبانِ عزت اِن ذلیل افراد کو نکال باہر کریں گے حالانکہ ساری عزت اللہ، رسولؐ اور صاحبانِ ایمان کے لئے ہے اور یہ منافقین یہ جانتے بھی نہیں ہیں (۸) ایمان والوں خبردار تمہارے اموال اور تمہاری اولاد تمہیں یادِ خدا سے غافل نہ کردے کہ جو ایسا کرے گا وہ یقیناً خسارہ والوں میں شمار ہوگا (۹) اور جو رزق ہم نے عطا کیا ہے اس میں سے ہماری راہ میں خرچ کرو قبل اس کے کہ تم سے کسی کو موت آجائے اور وہ یہ کہے کہ خدایا ہمیں تھوڑے دنوں کی مہلت کیوں نہیں دے دیتا ہے کہ ہم خیرات نکالیں اور نیک بندوں میں شامل ہوجائیں (۱۰) اور ہرگز خدا کسی کی اجل کے آجانے کے بعد اس میں تاخیر نہیں کرتا ہے اور وہ تمہارے اعمال سے خوب باخبر ہے (۱۱)



Presented by www.ziaraat.com

تاثرات

حاصل کردہ نمبر
/160

## ہماری مطبوعات

- طولِ عمر اور وسعتِ رزق کے سو مجرّب نسخے
- مرضِ حُبّ دنیا: علامات اور علاج
- گھر کو جنت بنانے کے چودہ مجرّب نسخے
- بیٹی اللہ کی رحمت
- وصیت نامہ کیسے لکھا جائے
- محبت (دین محبت ہے، محبت دین)
- مرضِ تکبّر: علامات، تشخیص کے طریقے اور اس کا علاج
- امراضِ روحانی کی شناخت کی ۱۰۰ علامات
- حرام نگاہ
- عظمت اور بلندی کے لیے علم ہی کافی ہے
- کردار سازی (حصہ اوّل)
- گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں
- ترکِ گناہان کے چالیس طریقے
- صدقہ: بھلائی کرنے کا سب سے اچھا راستہ
- ثواب وضو
- اجتہاد اور تقلید پر اعتراضات کا تجزیہ
- دوستی
- آئینہ (حصہ اوّل)
- کردار سازی حصہ دوم
- فاصلاتی دینی تعلیم شمارہ ۱ ............ ۱۳


**مدرسۃ القائم**

A-50 بلاک 20، سادات کالونی، فیڈرل بی ایریا، کراچی

فون: 0334-3102169 , 021-6366644

ویب سائٹ: www.al-qaaim.com ای میل: info@al-qaaim.com


Presented by www.ziaraat.com

## انسان کے تین حصے

حضرت لقمانؑ اپنے بیٹے کو وصیت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

اے میرے نورِ نظر۔! انسان پیدائشی طور پر تین حصوں پر مشتمل ہے۔

ایک حصہ خدا کا، دوسرا حصہ خود اُس کا، تیسرا حصہ مٹی اور زیرِ زمین مخلوقات کا

- وہ حصہ جو خدا کا ہے وہ روح ہے،
- وہ حصہ جو خود اُس کا ہے وہ اُس کی کارکردگی ہے،
- اور وہ حصہ جو مٹی اور زیرِ زمین مخلوقات کا ہے وہ اُس کا جسم ہے۔۔

لہٰذا وہ شخص انتہائی ناکام اور عاجز ہے جسکی تمام کوششیں اُسی حصہ کیلئے ہوں جو مٹی اور زیرِ زمین مخلوقات کیلئے مخصوص ہے۔۔

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا

مجھے یہ بات بہت پسند ہے کہ میں کسی عمل پر ہمیشگی اختیار کروں حتیٰ کہ میرا نفس اس کا عادی ہو جائے اگر وہ مجھ سے رات کو چھوٹ جائے تو دن میں اس کی قضاء بجالاؤں اور اگر دن میں رہ جائے تو رات میں اس کی قضاء بجالاؤں یعنی اللہ کے نزدیک پسندیدہ ترین عمل وہ ہے جس پر ہمیشگی اختیار کی جائے۔۔

اچھی باتیں سُن کر اُن پر عمل کرو کیونکہ یہی مومن کا شیوہ ہے۔۔ امام حسن علیہ السلام

Presented by www.ziaraat.com